۶۔ پولیتھن جن

۱ گاؤں کے کسان سرپنچ کے صحن میں کیوں جمع ہو گئے تھے؟

جواب: گاؤں کے کسان سرپنچ کے صحن میں اپنے کھیتوں میں گذشتہ سال کی طرح امسال بھی بالکل فصل نہ اُگنے کی شکایت کرنے اور اس کی وجہ سے مرتب ہونے والے نقصانات، مثلاً: اُن (کسان) کے اہل وعیال کے بھوکے مرجانے، اُن کی غریبی کے بڑھ جانے اور اُن پر بدحالی کے مسلط ہو جانے، سے انھیں واقف کرانے کے لیے جمع ہو گئے۔ یا۔ گاؤں کے کسان سرپنچ کے صحن میں اس لیے جمع ہو گئے تھے کہ ان کے کھیت بانجھپن کا شکار تھے اور فصلی پیداوار دینے سے بالکل قاصر تھے۔

۲ سرپنچ اور کسانوں کے مطابق زمین سے فصل کیوں نہیں اُگ رہی تھی؟

جواب: سرپنچ اور کسانوں کے مطابق زمین سے فصل اس لیے نہیں اُگ رہی تھی کہ اس پر کسی منحوس دیو کا سایہ پڑ گیا تھا۔

۳ ماہرین نے مٹی کی جانچ کے بعد کیا کہا؟

ماہرین نے مٹی کی جانچ کے بعد یہ کہا کہ پولیتھن اور لفافوں کو بنا سوچے سمجھے کھیتوں میں ڈالنے سے مٹی کو خطرناک بیماری لگ گئی ہے یعنی وہ پوری طرح زہریلی اور بانجھ ہو چکی ہے۔

---

۴ پولیتھن کے مضر اثرات پر پانچ جملے لکھیے۔

(۱) پولیتھن اپنے مضر اثرات کی وجہ سے پوری دنیا کے لیے ایک سنگین مسئلہ ہے۔ (۲) پولیتھن کی وجہ سے زمین بنجر اور انسان کی صحت خراب ہو جاتی ہے۔ (۳) موجودہ دور میں ہمارے آبی ذخائر کے نیست و نابود ہونے میں پولیتھن کا کافی عمل دخل ہے۔

اسی طرح دو جملے پڑھے ہوئے سبق کی روشنی میں آپ مزید تحریر کیجیے۔